
# تبصرہ کتب

محمد رمضان یوسف سلفی



## ...کریم صلی اللہ علیہ وسلم بحیثیت معلم

ڈاکٹر فضل الٰہی

۴۵۷

۲۲۵روپے

ملنے کا پتہ: مکتبہ قدوسیہ' غزنی سٹریٹ رحمان ... اردو بازار لاہور۔ 042-7351124۔ ... روسیہ ۱۰۔رسول پلازہ امین پور بازار فیصل آباد۔ 041-264...

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت ... سینکڑوں گوشے ہیں اور یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ ... عزت وعظمت اور اعزاز ہے کہ اب تک آپ کی ... طہرہ پر بلا مبالغہ ہزاروں کتب لکھی جا چکی ہیں اور ... سلسلہ جاری ہے اور جب تک یہ دنیا باقی ہے' جاری ... ۔سیرت نگاروں نے نبی علی علیہ السلام کی سیرت ... مختلف گوشوں کو موضوع سخن بنا کر خوب خامہ فرسائی ...

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک اہم ... علیہ السلام بحیثیت معلم'' ہے۔قرآن مجید میں اللہ ... رت نے نبی علیہ السلام کے اس وصف کو کئی جگہ ... ہے۔

پیشِ نگاہ کتاب میں محترم ڈاکٹر فضل الٰہی نے اسی پہلو کو موضوع سخن بنا کر نبی علیہ السلام کی کے اس خوبصورت گوشے کو اجاگر کرنے کی سعی کی ہے۔کتاب ۴۷ مرکزی اور دوسو کے قریب ذیلی عنوانات پر مشتمل ہے۔کتاب اول تا آخر قرآن وحدیث کے انمول جواہر سے لبریز ہے اور ڈاکٹر صاحب سے بڑی عرق ریزی اور محنت شاقہ سے اسے مرتب فرمایا ہے۔

کتاب کے شروع میں ایک جامع مقدمہ ہے اس میں قرآنی آیات **ربنا وابعث فيهم رسولاً منهم** (۲) **كما ارسلنا فيكم رسولا منكم** (۳) **لقد من الله على المؤمنين** (۴) **هو الذى بعث فى الاميين رسولا منهم يتلوا عليهم آياته ويزكيهم ويعلمهم الكتاب والحكمه** o کی تفسیر وتشریح خوبصورت پیرائے میں کی ہے اور نبی علیہ السلام بحیثیت معلم کے دلائل کو پیش کیا ہے۔

کتاب کے دیگر عنوانات میں ہر مناسب جگہ میں تعلیم' مختلف اقسام کے لوگوں کو تعلیم' طالب علم کا خیر مقدم' شاگردوں کے لیے دعا' تعلیم بالعمل' ضروری باتوں کی تعلیم' تواضع' لطف وشفقت سے تعلیم' آسان کرنے والے معلم' حسب استطاعت علم سیکھنے کی ترغیب ایسے عنوانات کے تحت خوب لکھا ہے۔

یہ کتاب ''نبی کریم بحیثیت معلم'' ان معلمین کے لیے انسائیکلوپیڈیا ہے جو تعلیم وتعلم اور دعوت وتبلیغ کے میدان میں سرگرم عمل ہیں۔وہ اس کے تناظر میں جھانک کر اپنی معلمی کی اصلاح کر سکتے ہیں۔ ڈاکٹر فضل الٰہی صاحب جو کہ بیسیوں عربی واردو کتب کے مؤلف ومصنف ہیں' نے یہ کتاب لکھ کر احسان عظیم کیا ہے۔کتاب میں شامل احادیث مستند اور حوالہ جات صحیح ہیں۔قلم کی زبان شستہ اور اسلوب نگارش عام فہم ہے۔اس کتاب کے مطالعہ سے سیرت النبی کے ایک اہم پہلو سے آگاہی حاصل ہوتی ہے۔کتب سیرت میں یہ کتاب قابلِ قدر اضافہ ہے۔قارئین کو چاہیے کہ اس کتاب کا مطالعہ ضرور فرمائیں۔کتاب کو قدوسی برادران نے نہایت خوبصورت انداز میں شائع کیا ہے۔اللہ تعالیٰ مصنف اور ناشر کو اجر عظیم دے۔آمین۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆

## قرآنی دستورِ حیات

مصنف ابو یحییٰ امام خاں نوشہروی رحمہ اللہ

صفحات ۲۹۶

قیمت ۱۵۰روپے

ناشر: تنظیم الدعوۃ الی القرآن والسنہ گوالمنڈی راولپنڈی۔

ملنے کا پتہ: مکتبہ قدوسیہ' رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور۔

ابو یحییٰ امام خاں نوشہروی اپنے دور کے بے مثال ادیب' شاعر' مصنف' مترجم' محقق اور مؤرخ تھے۔ انھوں نے ۲۴ سے اوپر کتب تصنیف کیں اور سینکڑوں مضامین حوالہ قرطاس کیے۔

جماعت اہل حدیث پر ان کا بڑا احسان ہے کہ انھوں نے ''تراجم علماء حدیث ہند'' اور ''ہندوستان میں اہل حدیث کی علمی خدمات'' لکھ کر علمائے اہل حدیث کی علمی خدمات اور سوانح کو اجاگر کیا۔امام خاں مرحوم نے ۷۶ سال عمر پائی اور وہ ۱۶ جنوری ۱۹۶۶ء کو سفر آخرت پر روانہ ہوئے۔

مولانا نوشہروی مرحوم کی تصنیفات میں ''قرآنی دستور حیات'' کو خاص اہمیت حاصل ہے۔اس

کتاب میں انھوں نے ایک مسلمان کے لیے ''دستورِ حیات'' کو ۷۴ عنوانات کے تحت عمدگی سے بیان کیا ہے۔ اس ضمن میں تزکیہ نفس، خلوص، ذکر الٰہی، خشیت، تقویٰ، ایفائے عہد، توکل، اطاعت والدین، تربیت اولاد، صلہ رحمی، مساوات، صبر واستقامت، رزق حلال، امانت، توبہ واستغفار اور دیگر اہم اصلاحی وتربیتی موضوعات پر اشہب قلم کو مہمیز لگائی ہے۔ کتاب کے دوسرے حصے میں مصائب ومنکرات کو بیان کرتے ہوئے قطع رحمی، قتلِ ناحق، ظلم، چوری، بے حیائی، سود خوری، خیانت، بدگوئی، ریا، تکبر، اسراف، رشوت، شراب نوشی اور دیگر مصائب کو ۳۱ عنوانات کے تحت الگ الگ مضامین کی صورت میں لکھ کر ان کے مضر اثرات پر قرآنی احکامات دیئے ہیں۔ لائق مصنف نے اپنے موقف کی تائید میں جابجا احادیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور بعض نصیحت آموز اقوال و واقعات بھی پیش کیے ہیں۔ یہ کتاب اپنے مندرجات کے اعتبار سے ایک مسلمان کے لیے واقعی دستور حیات کا درجہ رکھتی ہے اور اس نصاب زندگی کے مطالعہ سے اسلامی تعلیم و تربیت کا خوبصورت پہلو نکھر کر سامنے آتا ہے۔ داعیانِ کتاب و سنت اور تبلیغی بھائیوں کے علاوہ ہر مسلمان کے لیے یہ کتاب ایک نادر تحفہ ہے۔ ظاہر و معنوی خوبیوں سے آراستہ اس کتاب کے شروع میں مصنف کا تعارف بھی دے دیا جاتا تو کیا ہی اچھا تھا۔ تاکہ نئی نسل بھی اس کتاب کے عظیم مصنف سے آگاہ ہو جاتی۔ بہرحال اس کتاب کا مطالعہ ہر مسلمان بھائی کو کرنا چاہیے۔ یہ کتاب اس لائق ہے کہ اسے دوست احباب کو تحفہ میں دیا جائے۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆

## باپ

تحریر و ترتیب: ڈاکٹر کیپٹن غلام سرور شیخ
صفحات: ۲۸۰
قیمت: دعائے خیر
ناشر: صغریٰ تاج پبلیشر ۱۷۔سی گلفشاں کالونی جھنگ روڈ فیصل آباد۔

ڈاکٹر غلام سرور شیخ صاحب ہمارے ان لائق صد احترام دوستوں سے ہیں، جنھوں نے فرد کی اصلاح اور معاشرے کی تعمیر وترقی کے لیے خوبصورت دینی واسلامی اور اخلاقی موضوعات پر خامہ فرسائی کر کے قارئین کو ایک دعوت فکر دی ہے کہ وہ اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر دنیا و آخرت میں کامیاب وکامران ہو سکتے ہیں۔ ڈاکٹر غلام سرور صاحب ایک رحم دل معالج اور دینی تڑپ رکھنے والے دردمند انسان ہیں۔

ان کی تحریر میں اسلامی اخلاق کی جھلک نمایاں دکھائی دیتی ہے۔ وہ اب تک تکمیل آرزو، سفر نامہ حج اور ''ذکر ماں'' نامی کتابیں لکھ کر عوام اور اہل علم ودانش سے داد وتحسین حاصل کر چکے ہیں۔

حال ہی میں ان کی تازہ قلمی کاوش ''باپ'' منظرِ عام پر آئی ہے۔ یہ کتاب چار ابواب میں منقسم ہے۔ باب اول میں باپ کے متعلق قرآنی آیات کو درج کیا گیا ہے۔ باب دوئم میں باپ کے متعلق رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرامین پیش کیے گئے ہیں۔ جب کہ باب سوئم میں مختلف لوگوں کی سنہری اور یادگار تحریروں کا انتخاب پیش کیا گیا ہے اور آخری باب میں باپ کے متعلق شعراء کرام کا کلام دیا گیا ہے۔

اپنے موضوع پر یہ ایک خوبصورت کتاب ہے جو اپنے دامن میں ندرت کا پہلو لیے ہوئے ہے۔ اس کتاب میں ڈاکٹر صاحب نے باپ کی عزت وعظمت اور مقام کو قرآن وحدیث کی روشنی میں وضاحت سے بیان کیا ہے اور اس میں باپ کے متعلق تفصیل سے معلومات یکجا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ کتاب پڑھ کر باپ کی عظمت کا خوبصورت نقش ابھر کر سامنے آتا ہے اور بعض واقعات پڑھ کر آنکھیں نم بھی ہوتی ہیں۔ اس کتاب میں توحید، اتباع، سنت، والدین کی اطاعت، اولاد کی تعلیم وتر حقوق و معاملات ایسے فکری مضامین پیش کر کے بھولا ہوا سبق یاد دلانے کی سعی کی گئی ہے تاکہ وہ تعلیمات پر عمل کر کے دنیا وآخرت میں کامران ہو

بلاشبہ شبہ ڈاکٹر صاحب کی یہ کاوش تحسی قابل ہے۔ اس کتاب کو مفت حاصل کرنے قارئین ان پتوں پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

۱۔ شیخ ندیم محمود صاحب۔ داؤد ڈائز اینڈ داؤد پلازہ گول کلاتھ بازار فیصل آباد۔

۲۔ شیخ رحمت اللہ تسنیم۔ نبیل ٹیکسٹائل فرسٹ فلور گلی نمبر ۲ انار کلی بازار فیصل آباد۔

۳۔ محمد یٰسین۔ رحمانی گارمنٹس روم نمبر ۱۳ فلور کریم سنٹر زیب النساء سٹریٹ صدر کراچی۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆

## سیرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ عل

مصنف: ملک عبدالرشید عراقی
تقدیم: مولانا محمد خالد سیف
صفحات: ۱۱۲
قیمت: درج نہیں
ناشر و ملنے کا پتہ: طارق اکیڈمی (نزد سموسہ چوک گراؤنڈ فیصل آباد۔ فون: 041-8546964

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ عالم ا وہ عظیم المرتبت شخصیت ہیں جنھوں نے ''فتنہ خلقِ ق کی سرکوبی کے لیے تن، من، دھن کی بازی لگا کر کارنامہ سرانجام دیا کہ جس کی مثال رہتی دنیا تک رہے گی۔ ظالم و جابر حکمرانوں کی طرف سے ڈ جانے والے مظالم اور تختہ ستم بنائے جانے کے حضرت الامام کا صبر، استقامت اور اپنے موقف استقلال سے ڈٹ جانا اس سے ان کی ایمانی ق اندازہ بخوبی کیا جا سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج دنیا